## پاکستان میں سیلاب کے باعث الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ کی تقریبات منسوخ کردی گئی ہیں، رابطہ کمیٹی

## عوام وکارکنان تقریبات اورتحائف بھیجنے کے بجائے اس رقم سے متاثرین سیلاب کی مدد کریں

## عوام وکارکنان 17،ستمبرکوالطاف حسین کی درازیٔ عمراورصحت وعافیت کیلئے دعا کریں

لندن۔۔۔2،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی نے پاکستان میں سیلاب کی صورتحال کے باعث پاکستان سمیت دنیا کے مختلف مما لک میں منائی جانے والی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے کہاہے کہ پاکستان میں تباہ کن سیلاب کی صورتحال اور بھاری جانی ومالی نقصانات کے باعث قائدتحریک جناب الطاف حسین نے اپنی 57 ویں سالگرہ کی تقریب منسوخ کردی ہیں اور کارکنان وعوام، 17 ،ستمبرکو پاکستان سمیت دنیا بھر میں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات ملتوی کردیں، کیک نہ کاٹیں، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پھول اور دیگر تحائف بھیجنے کے بجائے تحائف اورتقریبات میں خرچ ہونے والی رقم سے سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کی بھرپورمدد کریں اوراپنے عطیات سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان اورحق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ 17 ،ستمبر 2010ءکو جناب الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ کے موقع پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازیٔ عمراورصحت وعافیت کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں۔

☆☆☆☆☆